EXTRAORDINARY RAMPUR GOVT GAZETTE

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۱۵ | مطبوعہ روز یکشنبہ تاریخ ۸ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء مطابق یکم شوال سنہ ۱۳۱۱ھ | جلد ۶

حکم اجلاس کامل مورخہ ۲۷ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

ڈپٹی ڈاکٹر صاحب بہادر رپورٹ صاحب پریزیڈنٹ بہادر مورخہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء بدرخواست عطائے پنشن نرائن داس سپیشل اسسٹنٹ شفاخانہ صدر رامپور کونسل مین پیش ہوئی۔ نرائن داس ۲۸ سال کا ملازم ہی اس ریاست کا اور عہ تنخواہ پاتا ہے لہذا کونسل خاص طور پر پنشن منظور کرلی ہی لیکن آئندہ کسی دوسرے کیواسطے نظیر نہوگی نہ سند گردانی جائیگی نرائن داس کو روز علیحدگی خدمت سے آٹھ روپیہ ماہوار پنشن دیجاوے مثل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر درمسل ہو۔

حکم جناب صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام جاری ہون اور بخشی فوج و اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے ـ یکم اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

اضافہ

حافظ اسد علیخان منصرم نمائش خانہ و عجائب خانہ کو عہ ماہوار تنخواہ علاوہ الاؤنس کے ملتی ہی چونکہ اونکا کام اچھا ہی اور بوجہ اسکے کہ ایک کارخانہ شہر مین اور ایک بیرون شہر ہی محنت اونکو زیادہ رہتی ہی لہذا حافظ اسد علیخان کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار ترقی دیجاتی یکم اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر - واقع ۲۵ مارچ ۱۹۴۳ء

ملاحظہ ہو گر احکام لکھے گئے ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ملک منعقدہ ماہ مارچ ۱۹۴۳ء

منشی محمد سعد اللہ خانصاحب تحصیلدار صدر نشین

منشی محمد ولی مظفر خان صاحب سکریٹری کمیٹی

ممبران جلسہ غیر ملازمین	ممبران جلسہ ملازمین
لالہ شیشیشر دیال وکیل ممبر - منشی نبی خان ٹھیکہ دار ممبر - قاضی علی حسین سکنہ کھاتہ ممبر	منشی وصی الدین محرر صفائی ممبر - حکیم سید عباس علی ممبر -
تجویزات کمیٹی	**امور تصفیہ طلب**
بالاتفاق تجویز ہوا کہ ڈی رام بقال کو ہدایت کیجاوے کہ وہ فوراً گھورا احاطہ اپنے سے اوٹھا دیوے بحالت نہ اوٹھانیکے مستوجب سزا جرمانہ کا ہوگا۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ ۱۹۴۳ء	(۱) ڈی رام بقال کے احاطہ مین گھورہ بہت جمع ہے کہ جس سے احتمال وبا کا ہے۔
بالاتفاق تجویز ہوا کہ محرر صفائی فوراً ٹھیکہ دار سے گھورہ اٹھوا دیوین اور آئندہ کیواسطے ہدایت کیجاوے کہ گھورہ ہرگز جمع نکرین - صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ ۱۹۴۳ء	۲- ٹھنڈی لال ٹھیکہ دار کے احاطہ مین گھورہ بہت جمع ہے کہ جو باعث مضر صحت اور احتمال وبائی بیماری کا ہے -
بالاتفاق تجویز ہوا کہ محرر صفائی فوراً صفائی کرا دیوین - صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ ۱۹۴۳ء	۳- قریب بیٹھی شہر متصل سڑک گھورہ وغیرہ بہت پڑا ہوا ہے اوسکی صفائی ہونا چاہئے -
بالاتفاق بعد معائنہ موقع اور رپورٹ محرر صفائی تجویز ہوا کہ یہ دروازہ قدیم ہے جدید نہین ہے اسلئے کوئی ہرج سرکار نہین ولق نالہ پار نمبر اول لہذا سائل کو دروازہ کھول لینے کی اجازت دیجاوے صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ ۱۹۴۳ء	۴- موضی چھیدا لال بقال ساکن ملک بدرخواست کشادگی دروازہ قدیم جسپر لیسن مٹی چڑھا ہوا ہے گذرانی -

حاکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر - واقع ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

بعد ملاحظہ ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام لکھے گئے ایک نقل درج گزٹ ہو اور اصل برائے تعمیل میونسپلٹی کو واپس ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

مولوی محمد اصغر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی
حاجی و حافظ منشی محمد ایوب حسن خان صاحب مجسٹریٹ ضلع نائب صدر نشین
منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکرٹری

سرکار ملازمین

۱- حکیم احمد رضا صاحب — مہتمم صدر شفاخانہ یونانی
۲- سید عبد الخالق صاحب حکیم — مہتمم شفاخانہ ڈیوڑھیات
۳- مولوی محمد یعقوب علی خان صاحب — وکیل سرکار۔

سرکار غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ ... خان صاحب ممبر - ۲- محمد ... خان صاحب ممبر
۳- مولوی محمد عبد الصمد صاحب وکیل ممبر - ۴- سید ابراہیم صاحب وکیل ممبر
۵- سید اعلیٰ خان صاحب وکیل ممبر - ۶- حافظ مستقیم صاحب مختار ممبر
۷- لالہ گنپتی لال صاحب ممبر - ۸- لالہ دین دیال صاحب ممبر
۹- لالہ ... داس صاحب ممبر۔

امور تصفیہ طلب

۱- عرضی محلہ داران نالہ پار بدرخواست نصب لالٹین در مسجد۔

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سررشتہ صفائی سے کیفیت طلب کی جاوے کہ روشنی مساجد کیلئے جو دو سو روپیہ سال صرف خیر سے ملتا ہے اوس میں گنجائش ہے یا نہیں اور کسقدر مساجد میں روشنی ہوتی ہے اور کیا کچھ مساجد ایسی ہی ہیں جنمیں میونسپلٹی سے روشنی کیجاتی ہے مفصل رپورٹ آنا چاہئے۔

ملاحظہ ہوا - ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

۲- نوٹ مولوی محمد یعقوب صاحب ممبر دربارہ نصب لالٹین در مسجد

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ نوٹ بھی شامل عرضی محلہ داران نالہ پار نمبر اول بطلب کیفیت صفائی کو بھیجا جاوے۔

ملاحظہ ہوا - ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

۳ — عرضی محلہ داران [illegible] درباره [illegible] نصب لالٹین نزد مسجد —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جسقدر لالٹین شہر کو [illegible] روشن ہوتی ہیں انکا فاصلہ اگر مساوی ہے تو کچہ نہیں ہو سکتا اور اگر مطابق لالٹین ہا بہ فاصلہ مساوی نصب ہوں بلکہ بعض بعض مواقعات پر کمی بیشی کیساتہ لالٹین نصب ہیں تو اس سڑک کی لالٹین بہی دیکہکر ایک لالٹین ایسے موقع سے لگادیجاوے کہ مسجد کو بہی روشنی پہونچے اور سڑک کا بہی ہرج نہو — [دستخط]
کمیٹی کی تجویز مناسب ہے اور منظور ہے ۲۱ مارچ سنہ ۱۸۹۲ء	
۴ — عرضی منتظم تازی خانہ درباره صفائی سڑک چکر و نصب لالٹین قریب تازی خانہ —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ خاکروب و لالٹین کی سڑک چکر پر کچہ ضرورت نہیں ہے نہ اور کسی جانب روشنی و صفائی ہوتی ہے عرضی خارج ہوکر داخل دفتر ہو —
منظور ہوا — ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۲ء [دستخط]	
۵ — عرضی میاں [illegible] خان [illegible] درخواست [illegible] ۶ — عرضی عبد المجید خان بابت اجرای بہٹی قریب [illegible] مع [illegible] سابقہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ۱۶ اگست سنہ ۱۸۹۱ء کی جلسہ سے حکم ہو چکی ہے کہ بہٹیاں چونہ کا شہر میں بسبب خرابی آب و ہوا کا اندیشہ ہے لہذا جملہ بہٹیاں شہر سے علحدہ کر دیجاویں اور موری دروازہ و بیرونی دروازہ آبادی سے علحدہ کیجاویں اور یہ تجویز اجلاس صاحب جج و سیشن مہر بہادر سے بہی منظور ہو چکی ہے پس کوئی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ اوس تجویز و حکم سابقہ کی تنسیخ کیجاوے شہر میں بہٹیات چونہ کی اجازت نہیں ہو سکتی عرضی گزاران کا کام موری دروازہ و بیرونی دروازہ جاری ہو سکتا ہے اطلاع دیجاوے — عرضی [illegible] کی شاید بہٹی جاری ہو وہ بند کیجاوے —
بہٹی جاری کرنی کی اجازت نہیں ہو سکتی [illegible] ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۲ء [دستخط]	
۷ — تخمینہ چاہ محلہ [illegible] بابت درستی —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب سکرٹری بورڈ اوس چاہ کا خود معائنہ کریں اگر [illegible] قابل ہو کیا اسکی عدم درستی سے محلہ داران کا ہرج ہوگا اور اس سے

باقی ابتدائی ہو گئی تو درست [illegible]

ملاحظہ ہوا ۔ ۳۱ مارچ ۱۸۹۴ عیسوی

۷ ۔ عرضی وزیر شکہ دار مع تخمینہ تیاری فرش پتھر رقمی عہ/ ولما عہ/	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تیاری فرش پتھر [illegible] نفع ہے میونسپلٹی اسی کا سوال ہے جو پیشہ مرتب [illegible] ٹھیکہ دار کا نفع ہے لہذا وہ خود پتھر کا فرش بنوا دے [illegible] صرف سربراہی پر رضامند ہو تو میونسپلٹی ہی کو کسی قدر [illegible]

ملاحظہ ہوا ۔ ۳۱ مارچ ۱۸۹۴ء

۸ ۔ عرضی حشمت علیخاں معہ تخمینہ رقمی [illegible] بابت انہدام [illegible] قریب زیارت شاہ درگاہی صاحب ۔	صاحب [illegible] نے بھی اس موقع کو ملاحظہ فرمایا خود [illegible] تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات باجلاس صاحب مختشم الیہ بہادر [illegible]

درخواست نامنظور کیجاوے ۔ ۳۱ مارچ ۱۸۹۴ء

۹ ۔ نقشہ واصلباقی تحصیل پرتہ چوکیداری بابت آخر جنوری ۱۸۹۴ء	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ملاحظہ نقشہ سے واضح ہے کہ آخر جنوری ۱۸۹۴ء تک قسم پرتہ تعدادی [illegible] قابل وصول باقی رہے ۔ کارروائی سررشتہ صفائی کے بہت ناقص ہے باقی زیادہ ہے لہذا تاکید تحصیل وصول کیجاوے فروری کا نقشہ نہیں آیا طلب ہو اور وجہ عدم روانگی دریافت کیجاوے ۔

ملاحظہ ہوا ۳۱ مارچ ۱۸۹۴ عیسوی

۱۰ ۔ عرضی سید جعفر شاہ مہرکن ربارہ معافی پرتہ چوکیداری [illegible] خود بوجہ افلاس ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ دوکان حافظ مستقیم صاحب کے حلقہ میں ہے لہذا عرضی اونکے پاس بھیجی جاوے کہ حالت [illegible] دریافت کرکے لکھیں کہ قابل معافی ہے یا نہیں ۔

ملاحظہ ہوا ۳۱ مارچ ۱۸۹۴ عیسوی

۱۱ - عرضی سید علی نبی بدرخواست معافی بر بنا ... فود

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چونکہ مولوی یعقوب علی خاں صاحب کیل سرکار ممبر بورڈ کے حلقہ میں ہے لہذا اونکے پاس عرضی بھیجکر حال مفلسی سایل دریافت کیا جاوے۔

ملاحظہ ہوا ۱۲ - مارچ ۱۹۲۳ء عیسوی

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

۱۲ - نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ درباره تجویز مقامات بنا بر دفن جانوران حسب دفعہ (۲۱) دستورالعمل -

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ کرد آور صاحب صفائی مقامات مناسب تجویز کرکے ایکہفتہ کے اندر اطلاع دیں۔

ملاحظہ ہوا ۱۳ - مارچ ۱۹۲۳ء عیسوی

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

۱۳ - نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ درباره تجویز مقامات بنا بر کوڑہ کرکٹ

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ کرد آور صاحب صفائی مقامات مناسب تجویز کرکے ایکہفتہ کے اندر اطلاع دیں

ملاحظہ ہوا ۱۳ - مارچ ۱۹۲۳ء عیسوی

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

۱۴ - نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ درباره تعین میعاد اجازت نامہ تعمیر مکانات وغیرہ

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اجازت نامہ کی میعاد تین مہینے کی مقرر ہو تاریخ وصول اجازت نامہ سے تین مہینے کے اندر حاصل کنندہ کو تعمیر کرنا چاہیے بعد انقضاے میعاد تین ماہ دوبارہ اجازت حاصل کرنا لازمی ہوگا۔

تجویز کمیٹی میونسپلٹی منظور ہے ۱۳ - مارچ ۱۹۲۳ء

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

۱۵ - عرضی سوہن لال وکیل عدالت فوجداری بدرخواست درستی ... صفائی ... بذریعہ خانساماں -

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سررشتہ صفائی سے اسکی کیفیت طلب ہو۔

ملاحظہ ہوا ۱۳ - مارچ ۱۹۲۳ء عیسوی

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور